# DIRECTORS' REVIEW

The directors of your Company are pleased to present their review on the affairs of the Company for the first quarter ended September 30, 2019.

**Financial Results:**

The financial results of the first quarter of the financial year 2019-20 are reflecting a continuity of the negative impact of the uncertain economic conditions of the country. During this quarter, the Company's net sale has decreased by 26.96% from Rs. 838.19 M to Rs. 612.24 M, gross profit by 22.52% from Rs. 89.97 M to Rs. 69.71 M, pretax profit by 73.61% from Rs. 40.40 M to Rs. 10.66 M and earnings per share from Rs. 1.36 to Rs. 0.38 as compared to the corresponding period of last financial year.

The Company produced 2,479 units of three wheeler vehicles during this period compared with 4,458 units of three wheeler vehicles produced during the corresponding period of last year showing a decline of 44.39%.

The Company produced 21,680 tractor wheel rims during the current period compared with 17,209 wheel rims of corresponding period of last year showing an increase of 25.98%.

**Future Outlook:**

The rising inflationary trend, higher borrowing cost and unstable USD-Pak Rupee exchange rate are big challenges for the businesses. The company is committed to increase its production and sales volumes through innovation of new products; enhancement in dealership network; introduction of new models of three wheeler vehicles.

It is hoped that the business conditions will improve in future period consequent to the measures being taken by the Government to boost the economic activities in the country.

The directors would like to place on record their appreciation for the untiring efforts, teamwork and dedication shown by the company's employees during the period under review. They would also like to express their gratitude to the valued shareholders, customers, suppliers and financial institutions for their co-operation, constant support and trust on the Company.

For and on behalf of the Board

**Lahore**
**Dated: 26-10-2019**

**Mian Asad Hameed**
(Chief Executive)

**Saeed Iqbal Khan**
(Director)

# ڈائریکٹرز کا جائزہ

آپ کی کمپنی کے ڈائریکٹرز 30 ستمبر 2019 کو مکمل ہونے والی پہلی سہ ماہی کے لئے کمپنی کے معاملات پر بخوشی اپنا جائزہ پیش کرتے ہیں۔

## مالیاتی نتائج:

مالی سال 20-2019 کی پہلی سہ ماہی کے مالی نتائج ملک کے غیر یقینی معاشی حالات کے منفی اثرات کے تسلسل کی عکاسی کررہے ہیں۔ اس سہ ماہی میں کمپنی کی مجموعی فروخت 26.96 فی صد کمی کے ساتھ پچھلے مالیاتی سال کی سہ ماہی کے مقابلہ میں 838.19 ملین روپے سے کم ہوکر 612.24 ملین روپے ہوگئی ہے، مجموعی منافع 22.52 فی صد کمی سے 89.97 ملین روپے سے کم ہوکر 69.71 ملین روپے ہوگیا ہے، قبل از ٹیکس منافع 73.61 فی صد کمی سے 40.40 ملین روپے سے کم ہوکر 10.66 ملین روپے ہوگیا ہے اور آمدنی فی حصص 1.36 روپے سے کم ہوکر 0.38 روپے ہوگئی ہے۔

کمپنی نے پچھلے سال کی سہ ماہی کی پیداوار 4,458 عدد تھری ویلر گاڑیوں کے مقابلہ میں 44.39 فی صد کمی کے ساتھ اس سہ ماہی میں 2,479 عدد تھری ویلر گاڑیاں بنائیں۔

کمپنی نے پچھلے سال کی سہ ماہی کی پیداوار 17,209 عدد ویل رمز کے مقابلہ میں 25.98 فی صد اضافہ کے ساتھ اس سہ ماہی میں 21,680 عدد ٹریکٹر ویل رمز بنائے۔

## مستقبل پر نقطہ نظر:

افراط زر کا بڑھتا ہوا رجحان، قرضے کی لاگت میں اضافہ اور غیر مستحکم ڈالر- پاکستانی روپے کی شرح تبادلہ کاروبار کے لئے بڑے چیلنجز ہیں۔ کمپنی تھری ویلر گاڑیوں کے نئے ماڈلز کے متعارف کرانے؛ ڈیلر شپ نیٹ ورک میں اضافہ؛ نئی مصنوعات کی ایجاد کے ذریعہ سے اپنی پیداوار اور فروخت کے حجم میں اضافہ کرنے کے لئے پرعزم ہے۔

امید ہے کہ معاشی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لئے جو اقدامات حکومت اٹھا رہی ہے اس کے نتیجے میں آنے والے وقت میں کاروباری حالات بہتر ہو جائیں گے۔

ڈائریکٹرز کمپنی کے ملازمین کی انتھک کوششوں، ٹیم ورک اور لگن جس کا اظہار انہوں نے موجودہ عرصہ کے دوران کیا ہے، کے شکرگزار ہیں۔ وہ اپنے معزز حصص داران کاروباری شراکت دار اور مالی اداروں کے کمپنی کے ساتھ مسلسل تعاون کرنے پر بھی شکرگزار ہیں۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے

لاہور

مورخہ 26 اکتوبر 2019

سعید اقبال خان
ڈائریکٹر

میاں اسد حمید
چیف ایگزیکٹو